Roll No. of the Student						

Serial No. Of the Answer Book: ________

Paper Code
① ② ●

اردو لازمی (New) جماعت دہم۔

وقت: 20 منٹ   نمبر: 15

ہدایات:

(1) حصہ (الف) کے تمام اجزا حل کریں۔ ہر سوال کیساتھ چار جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دیئے گئے طریقے سے OMR شیٹ میں مکمل سیاہ کرنا ہے۔ ●

(2) دائروں کو (شیڈ) بھرنے کیلئے نیلے یا کالے پن کا استعمال کریں۔ (3) جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہو گا۔

حصہ الف

I. i. وہ مرکب جو اسم اشارہ اور "مشار الیہ" سے مل کر بنے۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔
Ⓐ مرکب اشاری Ⓑ مرکب توصیفی Ⓒ مرکب عطفی Ⓓ مرکب تام

ii. ہم۔۔۔۔۔۔۔ کے ساتھ انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل ریسرچ گئے۔
Ⓐ وزیر اعلیٰ Ⓑ وزیر صحت Ⓒ وزیر قانون Ⓓ وزیر سیاحت

iii. حکومت پاکستان نے ادا جعفری کو۔۔۔۔۔۔۔ دیا۔
Ⓐ تمغہ جرات Ⓑ تمغہ امتیاز Ⓒ تمغہ بسالت Ⓓ تمغہ ادب

iv. جی کے مرنا تو۔۔۔۔۔۔۔ کو آتا تھا۔
Ⓐ ہم Ⓑ تم Ⓒ اُس Ⓓ سب

v. قدرت اللہ شہاب کی سن ولادت۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔
Ⓐ 1930ء Ⓑ 1920ء Ⓒ 1950ء Ⓓ 1990ء

vi. نوفل صاحب۔۔۔۔۔۔۔ کے بہت بڑے تاجر تھے۔
Ⓐ اسکندریہ Ⓑ استنبول Ⓒ جدہ Ⓓ ریاض

Result.pk

vii. عاشق کچھ کسی کی۔۔۔۔۔۔۔ نہیں
Ⓐ جاگیر Ⓑ ملکیت Ⓒ وراثت Ⓓ ذات

viii. ۔۔۔۔۔۔۔ کی بیٹی کی قربانیوں کی فہرست بہت لمبی تھی۔
Ⓐ ڈاکٹر Ⓑ اُستاد Ⓒ سپاہی Ⓓ کلرک

ix. "مطالعہ حالی" اور۔۔۔۔۔۔۔ کی ڈاکٹر وحید قریشی کی تصانیف ہیں۔
Ⓐ خیالستان Ⓑ نذر غالب Ⓒ چرکے Ⓓ منزل

x. ۔۔۔۔۔۔۔ نے زندگی میں یہ نیا تماشا دیکھا۔
Ⓐ رقیہ Ⓑ پرنانی Ⓒ نصیرہ Ⓓ آمنہ

xi. "وہ آئے دن سکول سے غیر حاضر رہتا ہے"۔ یہ جملہ۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔
Ⓐ روزمرہ Ⓑ محاورہ Ⓒ استعارہ Ⓓ فعل ناقص

xii. پرنانی اپنے ہی کُنبہ کی نہیں بلکہ سارے۔۔۔۔۔۔۔ کی پرنانی تھی۔
Ⓐ محلے Ⓑ شہر Ⓒ گاؤں Ⓓ گلی

xiii. "جواد دیانت دار ہے" اس جملے میں جواد۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔
Ⓐ مبتدا Ⓑ خبر Ⓒ فعل ناقص Ⓓ فعل

xiv. گاندھی اُردو کی بجائے۔۔۔۔۔۔۔ کو قومی زبان بنانا چاہتے تھے۔
Ⓐ ہندی Ⓑ پشتو Ⓒ انگریزی Ⓓ فارسی

xv. ماہنامہ ساقی۔۔۔۔۔۔۔ نے جاری کیا۔
Ⓐ الطاف حسین Ⓑ مولوی عبدالحق Ⓒ شاہد احمد دہلوی Ⓓ حکیم محمد سعید

102001

اردو لازمی (New) دہم

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

حصہ ب

نمبر: 36

II. مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کسی (9) کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. مولوی عبدالحق نے انجمن ترقی اُردو کا دفتر اورنگ آباد سے دلی کیوں منتقل کیا؟

ii. اس جملے کا مطلب واضح کریں۔ اصل اہمیت زبانوں کو نہیں مطالب کو حاصل ہے۔

iii. فقیر کی صدا سُن کر افسانہ نگار کے دل میں کیا خیال پیدا ہوا؟

iv. جملوں میں استعمال کریں۔ (بے ساختہ، نصب العین، جم غفیر، رواں دواں)

v. حکیم محمد سعید کی چار تصانیف کے نام لکھیں۔

vi. حصول پاکستان کی جدوجہد کا بنیادی محور کیا تھا؟

vii. اجمل نذیر کے تحقیقی کام پر نوٹ لکھیں۔

viii. مرکب عطفی اور مرکب جاری کی وضاحت کریں۔

ix. فراق گورکھپوری کا اصل کارنامہ کیا ہے؟

x. نظم "کسان" کا خلاصہ تحریر کریں۔

xi. موضوعاتی لحاظ سے نظم کی چار اقسام تحریر کریں۔

xii. مترادف لکھیں۔ (ہونٹ، جنت، سنگ، اُجالا)

حصہ ج

نمبر: 24

III. متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔ 5

(الف) مسلمان جس ملک میں بھی گئے وہاں کی زبان کو انھوں نے اظہار کا وسیلہ بنایا۔ جس علاقے میں پہنچے وہاں کی علاقائی زبان اُن کیلئے تبلیغ و ہدایت کا ذریعہ بنی۔ زبان کے ساتھ پرستش کا کوئی شائبہ شامل نہیں کیا گیا۔ نہ ملکی اور علاقائی زبانوں کے درمیان کسی مناقشت کی خبر ملتی ہے۔ بیسویں صدی سے قبل عالم اسلام میں زبانیں جھگڑے کا سبب نہیں تھیں کیونکہ اصل اہمیت زبانوں کو نہیں مطلب کو حاصل رہی۔

(ب) چاہے مجھ پر نفرین کی جائے مگر میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ آج تک میرے سامنے کوئی یہ ثابت نہ کر سکا کہ احباب کا ایک جم غفیر رکھنے اور شناسائی کے دائرے کو وسیع کرنے سے کیا فائدہ ہے۔ میں تو یہاں تک کہتا ہوں کہ اگر دُنیا میں کچھ کام کرنا ہے اور باتوں ہی میں عمر نہیں گزارنی ہے تو بعض نہایت عزیز دوستوں کو چھوڑنا پڑے گا چاہے اس سے میرے دل پر کیسا ہی صدمہ ہو۔

IV. شاعر اور نظم کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ 5

(الف)
مجھے محسوس ہوتا ہے کہ غازی مرد ہوں میں بھی
پرانے لشکر اسلام کا اک فرد ہوں میں بھی
شہادت کے رجز پڑھتا ہوں میدان شہادت میں
رجز پڑھتا ہوا بڑھتا ہوں ارمان شہادت میں

(ب)
تھا دعاؤں پہ ہمیں آسرا وہ بھی نہ رہا
کیونکہ ان کا بھی اثر ہوتا ہے اکثر اُلٹا
احتجاجوں کیلئے کہیے تو انکار نہیں
ورنہ ہم لوگ کسی حال میں تیار نہیں

Result.pk

V. بحوالہ شاعر کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کریں۔ 5

(الف) محبت صلح بھی، پیکار بھی ہے
یہ شاخ گل بھی ہے تلوار بھی ہے
طبیعت عشق کی خوددار بھی ہے
اُدھر نازک مزاج یار بھی ہے

(ب) ہونٹوں پہ کبھی ان کے میرا نام ہی آئے
آئے تو سہی، برسر الزام ہی آئے
حیران ہیں، لب بستہ ہیں، دلگیر ہیں غنچے
خوشبو کی زبانی تیرا پیغام ہی آئے

VI. درجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں۔ 9

(الف) محنت میں عظمت ہے

(ب) ورزش کے فائدے

(ج) طلباء کی ذمہ داریاں

Result.pk